© rasailojaraid.com



عینک فریمی

# زبان میری ہے بات ان کی

☆ مشرف کو ٹی وی پر کہنا چاہیے تھا' بے نظیر میری ہیروئن ہے۔ (بے نظیر)

کچھ ہم سے کہا ہوتا، کچھ ہم سے سنا ہوتا

☆ آیات اوپر نیچے ہو جائیں تو کوئی فرق نہیں پڑتا۔ (دیوان جعفر)

یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

☆ پاکستان' طالبان کو کچلنے میں تعاون نہیں کر رہا۔ (نائب وزیر دفاع امریکہ)

انکل بش! اعتماد کریں' وانا آپریشن قبول کریں

☆ ڈاکٹر عبدالقدیر خان اور ان کی اہلیہ کو سول اعزاز دینے کا فیصلہ واپس (ایک خبر)

ایک پروانے کو بھی دادِ جنوں دے نہ سکی — شمع سب کچھ تھی مگر صاحبِ کردار نہ تھی

☆ پاکستان کو روشن خیال بنائیں گے۔ (صدر مشرف)

زلفیں ہوں گی، شانیں ہوں گے، کہیں کہیں افسانے ہوں گے — دین اور مذہب کے مرقد پر شمعیں اور پروانے ہوں گے

☆ حذف کی گئی آیات میں جہاد اور یہود و نصاریٰ کا ذکر تھا، سب کچھ امریکی اشارے پر کیا گیا۔ (اپوزیشن)

بوزنے کو رقص پر کس بات کی میں داد دوں؟

☆ عدالت میں پیش نہ ہونے پر' ایس ایچ او تھانہ کوٹ چھٹہ کی تنخواہ قرق کرنے کا حکم۔ (ایک خبر)

لاکھوں کمانے والے کے لیے تنخواہ کیا حیثیت رکھتی ہے؟

☆ امریکہ کے غلام نہیں کہ اس کی ہر بات آنکھیں بند کر کے مان لیں۔ (وزیر خارجہ قصوری)

سوائے ان چھوٹے چھوٹے معاملات (یعنی کشمیر اور ایٹمی پروگرام وغیرہ وغیرہ)

☆ غربت صرف خدا ہی ختم کر سکتا ہے۔ (وزیر اعظم جمالی)

ہم تو صرف کھانے پینے، چلنے پھرنے اور سر ہلانے کے لیے پیدا کئے گئے ہیں۔

☆ اقوام متحدہ نے پاکستان کو غیر مہذب قرار دے دیا۔ (ایک خبر)

کوفی عنان اور پاکستان...... خدا کی شان اک کلچڑی گنجی...... حضورِ بلبل بوستاں کرے نوا سنجی!

© rasailojaraid.com